

# فتوٰی القرآن

V-1.0



Contents


اللہ ﷻکے علاوہ کوئی اور خالق؟ 4
اللہ ﷻکے علاوہ کسی اور کو مدد کیلئے پکارنا جائز؟ 4
قرآن کی ہر آیت پر ایمان لانا لازم؟ 5
اللہ ﷻکے ہاں کون کون سے دین قابل قبول ہیں؟ 6
قرآن و سنت والے اسلام کے علاوہ کوئی اور دین منظور ہو سکتا ہے؟ 6
آدھا / جزوی اسلام چلے گا؟ 7
اسلام میں فرقے / گروہ بنانا جائز؟ 7
کافروں اور غیر مسلمانوں سے اتحاد کرنا؟ 8
ایک سچا مسلمان کفار کے ساتھ کیسا رو یہ رکھتا ہے؟ 9
دین کو چھوڑ کے دنیاداری میں پڑنے کا انجام؟ 9
بینک سے سودی قرض لے کر اپنی ضرور یات پوری کرنا بہت بڑا گناہ؟ 10
صرف کلمہ پڑھنا ہی ایمان لانے کے لئے کافی ہے؟ 11
قرآن و سنت پر چلنے والااور نہ چلنے والا برابر؟ 12
عالم اور جاہل برابر؟ 12
جو چیز یں اللہ ﷻنے کفار کو دی ہیں، وہ بہتر ہیں یا جنت کی طرف ہدایت؟ 13
اللہ ﷻکو بھلا دینا اور اللہ ﷻکے راستے میں خرچ کرنے سے روکنا، منافقوں کی نشانی؟ 15
شرک اکبر میں ملوث ایک مشرک کی بخشش کا کوئی ذر یعہ بن سکتا ہے؟ 16
مشرک / جہنمی کی کیا پہچان؟ 16
کیا اپنے باپ، دادا کے دین کی اندھی پیروی کرنا جائز؟ 17
ہمارے دوست، یار، بیٹے، بیٹیاں قیامت کے دن ہمیں کوئی فائدہ پہنچا سکیں گے؟ 18
مال اور اولاد کی کثرت آخرت میں کوئی فائدہ پہنچائے گی؟ 18
اپنے معاشرے، فرقے اور اپنے اہل و عیال سے جڑے رہنے کے لئے اللہ ﷻکی آیات کو جھٹلایا/ نظر انداز کیا جا سکتا ہے؟ 19
تبلیغ کے ذر یعے اپنے اہل و عیال کو جہنم سے بچانا ہماری ذمہداری؟ 19

اپنے بیوی بچوں کے دنیوی فائدے کی خاطر اللہ ﷻکے احکام کو نظر انداز کر دینا جائز ؟ ........ 20
بُرے علماء، جاہل پیروں اور گمراہ لیڈروں کی پیروی کا نتیجہ؟ ........ 20
کیا عیسٰیؑ خدا ہیں؟ عسائی کو دعوت؟ ........ 21
انبیاءکرامؑ اور اولیاء کرامؒ شفاعت کے ذریعے کس کو بخشوا سکتے ہیں؟ ........ 22
قیامت کے دن کوئی شخص کسی دوسرے کی مدد کر سکے گا؟ ........ 22
بخشش کے عوض کوئی معاوضہ قبول کیا جائے گا؟ ........ 22
قرآن و سنت پر چلنے والوں کو نبیوں میں شامل کیا جائے گا؟ ........ 24
انبیاء کرامؑ اور اولیاء کرامؒ کو دعا میں پکارنا جائز ؟ ........ 25
اللہ ﷻاور رسول اللہ ﷺ کے دشمنوں سے تعلق بنانا/ دوستی رکھنا اگرچہ وہ قریبی رشتہ دار ہی کیوں نہ ہوں؟ ........ 26
رسول اللہ ﷺ ہمارے وکیل / ذمہ دار؟ ........ 28
رسول اللہ ﷺ وحی کے احکامات / قرآن کو تبدیل کرنے پر قادر؟ ........ 29
نبی اور رسول اللہ ﷺ لوگوں کو اپنی بندگی/ خدمت کی طرف دعوت دے سکتا ہے؟ ........ 30
کیا رسول اللہ ﷺ کے پاس اللہ ﷻکے خزانے ہیں؟ ........ 31
کیا رسول اللہ ﷺ علم غیب جانتے ہیں؟ ........ 31
رسول اللہ ﷺ اور دوسرے نیک لوگوں کی محبت کا اللہ ﷻکی محبت سے بڑھ جانا شرک؟ ........ 32
رسول اللہ ﷺ / اولیاء کرامؒ ہمارے اسلام / ہدایت/ بخشش کے ذمہدار؟ ........ 33
اولیاء / انبیاء کرام وفات کے بعد دنیاوی حالات سے باخبر؟ حاظر و ناظر؟ ........ 34
کیا ہم اولیاء/ انبیاء کے رتبوں / درجات کا علم رکھتے ہیں؟ ........ 35
رسول اللہ ﷺ ہمارے نفع و نقصان کے مالک؟ ........ 36
رسول اللہ ﷺ اپنے تمام ماننے والوں کو جنت میں داخل کروائیں گے؟ ........ 37
رسول اللہ ﷺ حیات / ممات؟ ........ 38
رسول اللہ ﷺ نور / بشر؟ ........ 38

کیا انبیاء کرامؑ خطاء کر سکتے ہیں؟ ........ 39
کیا اللہ ﷾نبی کو سزا دینے پر قارد؟ ........ 39
رسول اللہﷺ اللہ ﷾سے مدد حاصل کیے بغیر معجزہ دکھانے پر قادر؟ ........ 40
رسول اللہﷺ جسے چاہیں ہدایت دینے پر قادر؟ ........ 41
دُنیا، مال و دولت اور اقرباء کی محبت کا اللہ ﷾اور اس کے راستے میں جہاد کی محبت سے زیادہ ہو جانا خطرناک؟ ........ 42
ہمارے نفع و نقصان کا کُل اختیار کس کے پاس ہے؟ ........ 43
اللہ ﷾کی آیات کو نظر انداز کرنے کا انجام؟ ........ 45
غلط اور بیمار عقائد کا علاج کیسے ممکن ہے؟ ........ 45

# فتوٰی القرآن

أَعُوذُ بِاللهِ مِنَ الشَّيطَانِ الرَّجِيمِ۔ بِسۡمِ اللهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ۔

## اللہ سبحانہ وتعالیٰ کے علاوہ کوئی اور خالق؟
## اللہ سبحانہ وتعالیٰ کے علاوہ کسی اور کو مدد کیلئے پکارنا جائز؟

القرآن سورۃ نمبر 16 سورۃ النحل آیت نمبر 20۔

وَالَّذِينَ يَدۡعُونَ مِنۡ دُونِ اللَّهِ لَا يَخۡلُقُونَ شَيۡئًا وَهُمۡ يُخۡلَقُونَ

**اور جن لوگوں کو یہ اللہ کے سوا پکارتے ہیں وہ کوئی چیز بھی تو نہیں بناسکتے بلکہ وہ خود تخلیق کیے گئے ہیں۔**

Those whom they (Al-Mushrikun) invoke besides Allah have not created anything, but are themselves created.

القرآن سورۃ نمبر 28 سورۃ القصص آیت نمبر 88۔

وَلَا تَدۡعُ مَعَ اللَّهِ إِلَٰهًا آخَرَ ۘ لَا إِلَٰهَ إِلَّا هُوَ ۚ كُلُّ شَيۡءٍ هَالِكٌ إِلَّا وَجۡهَهُ ۚ لَهُ الۡحُكۡمُ وَإِلَيۡهِ تُرۡجَعُونَ

**اور اللہ کے ساتھ کسی اور معبود کو نہ پکارنا اس کے سوا کوئی معبود نہیں۔ اس کی ذات (پاک) کے سوا ہر چیز فنا ہونے والی ہے۔ اسی کا حکم ہے اور اسی کی طرف تم لوٹ کر جاؤ گے۔**

And invoke not any other God along with Allah, none has the right to be worshipped but He. Everything will perish save His Face. His is the Decision, and to Him you (all) shall be returned.

## قرآن کی ہر آیت پر ایمان لانا لازم؟

القرآن سورۃ نمبر 4 سورۃ النساء آیت نمبر 136۔

يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا آمِنُوا بِاللَّهِ وَرَسُولِهِ وَالْكِتَابِ الَّذِي نَزَّلَ عَلَىٰ رَسُولِهِ وَالْكِتَابِ الَّذِي أَنْزَلَ مِنْ قَبْلُ ۚ وَمَنْ يَكْفُرْ بِاللَّهِ وَمَلَائِكَتِهِ وَكُتُبِهِ وَرُسُلِهِ وَالْيَوْمِ الْآخِرِ فَقَدْ ضَلَّ ضَلَالًا بَعِيدًا

کلمہ پڑھ لینے والو، اللہ پر اور اس کے رسول پر اور جو کتاب اس نے اپنے پیغمبر پر نازل کی ہے (یعنی قرآن) اور جو کتابیں اس سے پہلے نازل کی تھیں سب پر ایمان لاؤ۔ اور جس شخص نے اللہ اور اس کے فرشتوں اور اس کی کتابوں اور اس کے پیغمبروں اور روز قیامت سے انکار کیا وہ رستے سے بھٹک کر دور جا پڑا۔

O you who believe! Believe in Allah, and His Messenger (Muhammad SAW), and the Book (the Quran) which He has sent down to His Messenger, and the Scripture which He sent down to those before (him), and whosoever disbelieves in Allah, His Angels, His Books, His Messengers, and the Last Day, then indeed he has strayed far away.

## اللہ سبحانہ وتعالیٰ کے ہاں کون کون سے دین قابل قبول ہیں؟

القــرآن سورۃ نمبــر 3 سورۃ العمــران آیــت نمبــر 19۔

إِنَّ الدِّينَ عِندَ اللَّهِ الْإِسْلَامُ ۗ وَمَا اخْتَلَفَ الَّذِينَ أُوتُوا الْكِتَابَ إِلَّا مِن بَعْدِ مَا جَاءَهُمُ الْعِلْمُ بَغْيًا بَيْنَهُمْ ۗ وَمَن يَكْفُرْ بِآيَاتِ اللَّهِ فَإِنَّ اللَّهَ سَرِيعُ الْحِسَابِ

اللہ کے ہاں (قابل قبول) دین صرف الاسلام ہے اور اہل کتاب نے جو (اس دین سے) اختلاف کیا تو علم ہونے کے بعد آپس کی ضد سے کیا اور جو شخص اللہ کی آیتوں کو نہ مانے تو اللہ جلد (سخت) حساب لینے والا ہے۔

Truly, the religion with Allah is Islam. Those who were given the Scripture (Jews and Christians) did not differ except, out of mutual jealousy, after knowledge had come to them. And whoever disbelieves in the Ayat of Allah, then surely, Allah is Swift in calling to account.

## قرآن و سنت والے اسلام کے علاوہ کوئی اور دین منطور ہو سکتا ہے؟

القــرآن سورۃ نمبــر 3 سورۃ العمــران آیــت نمبــر 85۔

وَمَن يَبْتَغِ غَيْرَ الْإِسْلَامِ دِينًا فَلَن يُقْبَلَ مِنْهُ وَهُوَ فِي الْآخِرَةِ مِنَ الْخَاسِرِينَ

اور جو شخص اسلام کے سوا کسی اور دین کا طالب ہو گا وہ اس سے ہر گز قبول نہیں کیا جائے گا اور ایسا شخص آخرت میں نقصان اٹھانے والوں میں ہو گا۔

And whoever seeks a religion other than ISLAM, Never will it be accepted of him, and in the Hereafter he will be of the losers.

## آدھا / جزوی اسلام چلے گا؟

القـــرآن سورۃ نمبـــر2 سورۃ البقـــرۃ آیـــت نمبـــر208۔

يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا ادْخُلُوا فِي السِّلْمِ كَافَّةً وَلَا تَتَّبِعُوا خُطُوَاتِ الشَّيْطَانِ ۚ إِنَّهُ لَكُمْ عَدُوٌّ مُبِينٌ

**مومنو! اسلام میں پورے پورے داخل ہو جاؤ اور شیطان کے پیچھے نہ چلو وہ تو تمہارا صریح دشمن ہے۔**

O you who believe! Enter perfectly in Islam (by obeying all the rules and regulations of the Islamic religion) and follow not the footsteps of Shaitan (Satan). Verily! He is to you a plain enemy.

## اسلام میں فرقے / گروہ بنانا جائز؟

القـــرآن سورۃ نمبـــر3 سورۃ آل عمـــران آیـــت نمبـــر103۔

وَاعْتَصِمُوا بِحَبْلِ اللَّهِ جَمِيعًا وَلَا تَفَرَّقُوا ۚ۔۔۔

**اور سب مل کر اللہ کے رسے (ہدایت قرآن) کو مضبوط پکڑے رہو اور فرقے نہ بناو۔۔۔**

And hold fast, all of you together, to the Rope of Allah (Guidance of Quran), and be not divided among yourselves (making sects)...

# کافروں اور غیر مسلمانوں سے اتحاد کرنا؟

القــــرآن سورۃ نمبـــر5 سورۃالمـــائدہ آیـــت نمبـــر51۔

يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا لَا تَتَّخِذُوا الْيَهُودَ وَالنَّصَارَىٰ أَوْلِيَاءَ ۘ بَعْضُهُمْ أَوْلِيَاءُ بَعْضٍ ۚ وَمَنْ يَتَوَلَّهُمْ مِنْكُمْ فَإِنَّهُ مِنْهُمْ ۗ إِنَّ اللَّهَ لَا يَهْدِي الْقَوْمَ الظَّالِمِينَ

**اے ایمان والو! یہود اور نصاریٰ کو دوست نہ بناؤ یہ ایک دوسرے کے معاون ہیں اور جو شخص تم میں سے ان سے اتحاد کرے گا وہ بھی انہیں میں سے ہو گا بیشک اللہ ظالم لوگوں کو ہدایت نہیں دیتا۔**

O you who believe! Take not the Jews and the Christians as Auliya' (Allies, protectors, helpers, etc.), they are but Allies to one another. And if any amongst you takes them as Allie, then surely he is one of them. Verily, Allah guides not those people who are the unjust.

القــــرآن، سورۃالنسآء نمبـــر4، آیـــت نمبـــر144

يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا لَا تَتَّخِذُوا الْكَافِرِينَ أَوْلِيَاءَ مِنْ دُونِ الْمُؤْمِنِينَ ۚ أَتُرِيدُونَ أَنْ تَجْعَلُوا لِلَّهِ عَلَيْكُمْ سُلْطَانًا مُبِينًا

**اے اہل ایمان! مومنوں کے سوا کافروں کو دوست (اتحادی) نہ بناؤ. کیا تم چاہتے ہو کہ اپنے اوپر اللہ کا صریح الزام لو؟**

O you who believe! Take not for Allies disbelievers instead of believers. Do you wish to offer Allah a manifest warrant against yourselves?

## ایک سچا مسلمان کفار کے ساتھ کیسا رو یہ رکھتا ہے؟

القرآن سورۃ نمبر 48 سورۃ الفتح آیت نمبر 29۔

مُحَمَّدٌ رَسُولُ اللَّهِ ۚ وَالَّذِينَ مَعَهُ أَشِدَّاءُ عَلَى الْكُفَّارِ رُحَمَاءُ بَيْنَهُمْ ۖ...

محمد ﷺ اللہ کے پیغمبر ہیں اور جو لوگ ان کے ساتھ ہیں وہ کافروں کے حق میں سخت ہیں اور آپس میں رحم دل۔۔۔

Muhammad (SAW) is the Messenger of Allah, and those who are with him are severe against disbelievers, and merciful among themselves...

## دین کو چھوڑ کے دنیاداری میں پڑنے کا انجام؟

القرآن سورۃ نمبر 11 سورۃ ھود آیت نمبر 15-16۔

مَنْ كَانَ يُرِيدُ الْحَيَاةَ الدُّنْيَا وَزِينَتَهَا نُوَفِّ إِلَيْهِمْ أَعْمَالَهُمْ فِيهَا وَهُمْ فِيهَا لَا يُبْخَسُونَ. أُولَٰئِكَ الَّذِينَ لَيْسَ لَهُمْ فِي الْآخِرَةِ إِلَّا النَّارُ ۖ وَحَبِطَ مَا صَنَعُوا فِيهَا وَبَاطِلٌ مَا كَانُوا يَعْمَلُونَ

جو لوگ دنیا کی زندگی اور اس کی زیب و زینت کے طالب ہوں ہم ان کے اعمال کا بدلہ انہیں دنیا میں ہی دے دیتے ہیں اور اس میں ان کی حق تلفی نہیں کی جاتی۔ یہ وہ لوگ ہیں جن کے لیے آخرت میں آتش (جہنم) کے سوا کوئی چیز نہیں اور جو عمل انہوں نے دنیا میں کئے سب برباد اور جو کچھ وہ کرتے رہے، سب ضائع۔

Whosoever desires the life of the world and its glitter; to them We shall pay in full (the wages of) their deeds therein, and they will have no diminution therein. They are those for whom there is nothing in the Hereafter but Fire; and vain are the deeds they did therein. And of no effect is that which they used to do.

## بینک سے سودی قرض لے کر اپنی ضرورت پوری کرنا بہت بڑا گناہ؟

القــرآن، سورۃ نمبــر 2 سورۃ البقــرہ آیــت نمبــر 275۔

...فَمَنْ جَاءَهُ مَوْعِظَةٌ مِنْ رَبِّهِ فَانْتَهَىٰ فَلَهُ مَا سَلَفَ وَأَمْرُهُ إِلَى اللَّهِ ۖ وَمَنْ عَادَ فَأُولَٰئِكَ أَصْحَابُ النَّارِ ۖ هُمْ فِيهَا خَالِدُونَ

**...تو جس شخص کے پاس رب کی نصیحت پہنچی اور وہ (سود لینے سے) باز آگیا تو جو پہلے ہو چکا وہ اس کا۔ اور (قیامت میں) اس کا معاملہ اللہ کے سپرد اور جو پھر (سود) لینے لگا تو ایسے لوگ دوزخی ہیں کہ ہمیشہ دوزخ میں (جلتے) رہیں گے۔**

... So whosoever receives an admonition from his Lord and stops eating Riba (usury) shall not be punished for the past; his case is for Allah (to judge); but whoever returns [to Riba (usury)], such are the dwellers of the Fire - they will abide therein.

## صرف کلمہ پڑھنا ہی ایمان لانے کے لئے کافی ہے؟

القرآن سورۃ نمبر 49 سورۃ الحجرات آیت نمبر 14۔

قَالَتِ الْأَعْرَابُ آمَنَّا ۖ قُلْ لَمْ تُؤْمِنُوا وَلَٰكِنْ قُولُوا أَسْلَمْنَا وَلَمَّا يَدْخُلِ الْإِيمَانُ فِي قُلُوبِكُمْ ۖ وَإِنْ تُطِيعُوا اللَّهَ وَرَسُولَهُ لَا يَلِتْكُمْ مِنْ أَعْمَالِكُمْ شَيْئًا ۚ إِنَّ اللَّهَ غَفُورٌ رَحِيمٌ

دیہاتی کہتے ہیں کہ ہم ایمان لے آئے۔ کہہ دو کہ تم ایمان نہیں لائے (بلکہ یوں) کہو کہ ہم اسلام لائے ہیں اور ایمان تو ابھی تمہارے دلوں میں داخل ہی نہیں ہوا۔ اور تم اللہ اور اس کے رسول کی فرمانبرداری کرو گے تو اللہ تمہارے اعمال سے کچھ کم نہیں کرے گا۔ بے شک اللہ بخشنے والا مہربان ہے۔

The bedouins say: “We believe.” Say: “You believe not, but rather say, ‘We have surrendered (in Islam),’ for Faith has not yet entered your hearts. But if you obey Allah and His Messenger (SAW) (in this weak state of emaan), He will (still) not decrease anything in reward for your deeds. Verily, Allah is Oft-Forgiving, Most Merciful”.

## قرآن و سنت پر چلنے والا اور نہ چلنے والا برابر؟
## عالم اور جاہل برابر؟

القــــرآن سورۃ نمبـــر 39 سورۃ الزمـــــر آیـــــت نمبـــر 9۔

أَمَّنْ هُوَ قَانِتٌ آنَاءَ اللَّيْلِ سَاجِدًا وَقَائِمًا يَحْذَرُ الْآخِرَةَ وَيَرْجُو رَحْمَةَ رَبِّهِ ۗ قُلْ هَلْ يَسْتَوِي الَّذِينَ يَعْلَمُونَ وَالَّذِينَ لَا يَعْلَمُونَ ۗ إِنَّمَا يَتَذَكَّرُ أُولُو الْأَلْبَابِ

(بھلا مشرک اچھا ہے) یا وہ جو رات کے وقتوں میں زمین پر پیشانی رکھ کر اور کھڑے ہو کر عبادت کرتا اور آخرت سے ڈرتا اور اپنے پروردگار کی رحمت کی امید رکھتا ہے۔ کہو بھلا جو لوگ علم رکھتے ہیں اور جو نہیں رکھتے دونوں برابر ہو سکتے ہیں؟ (ہرگز نہیں) (اور) نصیحت تو وہی پکڑتے ہیں جو عقلمند ہیں۔

Is one who is obedient to Allah, prostrating himself or standing (in prayer) during the hours of the night, fearing the Hereafter and hoping for the Mercy of his Lord (like one who disbelieves)? Say: "Are those who have knowledge equal to those who are ignorant?" It is only men of understanding who will take heed.

## جو چیزیں اللہ ﷻ نے کفار کو دی ہیں، وہ بہتر ہیں یا جنت کی طرف ہدایت؟

القرآن سورۃ نمبر 20 سورۃ طٰہٰ آیت نمبر 131۔

وَلَا تَمُدَّنَّ عَيۡنَيۡكَ إِلَىٰ مَا مَتَّعۡنَا بِهِۦٓ أَزۡوَٰجٗا مِّنۡهُمۡ زَهۡرَةَ ٱلۡحَيَوٰةِ ٱلدُّنۡيَا لِنَفۡتِنَهُمۡ فِيهِۚ وَرِزۡقُ رَبِّكَ خَيۡرٞ وَأَبۡقَىٰ

اور کئی طرح کے لوگوں کو جو ہم نے دنیا کی زندگی میں آرائش کی چیزوں سے بہرہ مند کیا ہے تاکہ ان کی آزمائش کریں ان پر نگاہ نہ کرنا۔ اور تمہارے پروردگار کی (عطا فرمائی ہوئی) روزی بہت بہتر اور باقی رہنے والی ہے۔

And strain not your eyes in longing for the things We have given for enjoyment to various groups of them (kuffar), the splendour of the life of this world that We may test them thereby. But the provision (Hereafter) of your Lord is better and more lasting.

القــرآن سورۃ نمبـر9 سورۃ التوبـہ آیـت نمبـر55۔

فَلَا تُعْجِبْكَ أَمْوَالُهُمْ وَلَا أَوْلَادُهُمْ ۚ إِنَّمَا يُرِيدُ اللَّهُ لِيُعَذِّبَهُم بِهَا فِي الْحَيَاةِ الدُّنْيَا وَتَزْهَقَ أَنفُسُهُمْ وَهُمْ كَافِرُونَ

**تم ان (کافروں) کے مال اور اولاد سے تعجب نہ کرنا۔ اللہ چاہتا ہے کہ ان چیزوں سے دنیا کی زندگی میں ان کو عذاب دے اور (جب) ان کی جان نکلے تو (اس وقت بھی) وہ کافر ہی ہوں۔**

So let not their wealth or their children amaze you (O Muhammad SAW); in reality Allah's Plan is to punish them with these things in the life of the this world, and that their souls shall depart (die) while they are disbelievers.

## اللہ ﷻ کو بھلا دینا اور اللہ ﷻ کے راستے میں خرچ کرنے سے روکنا، منافقوں کی نشانی؟

القرآن سورۃ نمبر 9 سورۃ التوبہ آیت نمبر 67۔

الْمُنَافِقُونَ وَالْمُنَافِقَاتُ بَعْضُهُمْ مِنْ بَعْضٍ ۚ يَأْمُرُونَ بِالْمُنْكَرِ وَيَنْهَوْنَ عَنِ الْمَعْرُوفِ وَيَقْبِضُونَ أَيْدِيَهُمْ ۚ نَسُوا اللَّهَ فَنَسِيَهُمْ ۗ إِنَّ الْمُنَافِقِينَ هُمُ الْفَاسِقُونَ

منافق مرد اور منافق عورتیں ایک دوسرے کے ہم جنس (یعنی ایک طرح کے) ہیں کہ برے کام کرنے کو کہتے اور نیک کاموں سے منع کرتے اور (خرچ کرنے سے) ہاتھ بند کئے رہتے ہیں۔ انہوں نے اللہ کو بھلا دیا تو اللہ نے ان کو بھلا دیا۔ بے شک منافق نافرمان ہیں۔

The hypocrites, men and women, are from one another, they enjoin (on the people) Al-Munkar (i.e. disbelief and polytheism of all kinds and all that Islam has forbidden), and forbid (people) from Al-Ma'ruf (i.e. Islamic Monotheism and all that Islam orders one to do), and they close their hands [from giving (spending in Allah's Cause) alms, etc.]. They have forgotten Allah, so He has forgotten them. Verily, the hypocrites are the Fasiqun (rebellious, disobedient to Allah).

## شرك اكبر ميں ملوث ايك مشرك كى بخشش كا كوئى ذريعہ بن سكتا ہے؟

القــــرآن سورة نمبــــر 5 سورة المـــائدہ آيــــت نمبــــر 72۔

۔۔۔ إِنَّهُ مَنْ يُشْرِكْ بِاللَّهِ فَقَدْ حَرَّمَ اللَّهُ عَلَيْهِ الْجَنَّةَ وَمَأْوَاهُ النَّارُ ۖ وَمَا لِلظَّالِمِينَ مِنْ أَنْصَارٍ

۔۔۔ بے شک، جو شخص اللہ کے ساتھ شرک کرے گا اللہ اس پر بہشت حرام کر دے گا اور اس کا ٹھکانہ دوزخ ہے اور ظالموں کا کوئی مددگار نہیں۔

"...Verily, whosoever sets up partners in worship with Allah, then Allah has forbidden Jannat (Gardens of heaven) for him, and the Fire will be his abode. And for the Zalimun (polytheists and wrong-doers) there are no helpers.

## مشرك / جہنمى كى كيا پہچان؟

القــــرآن سورة نمبــــر 40، سورة المؤمنون، آيــــت نمبــــر 12

ذَٰلِكُمْ بِأَنَّهُ إِذَا دُعِيَ اللَّهُ وَحْدَهُ كَفَرْتُمْ ۖ وَإِنْ يُشْرَكْ بِهِ تُؤْمِنُوا ۚ فَالْحُكْمُ لِلَّهِ الْعَلِيِّ الْكَبِيرِ

یہ اس لئے کہ جب تنہا اللہ کو پکارا جاتا تھا تو تم انکار کر دیتے تھے۔ اور اگر اس کے ساتھ شریک مقرر کیا جاتا تھا تو تسلیم کر لیتے تھے تو حکم تو اللہ ہی کا ہے جو اعلیٰ اور بڑا ہے۔

(It will be said): "This is because, when Allah Alone was invoked (in worship, etc.) you disbelieved, but when partners were joined to Him, you believed! So the judgement is only with Allah, the Most High, the Most Great "!

## کیا اپنے باپ، دادا کے دین کی اندھی پیروی کرنا جائز؟

القرآن سورۃ نمبر 43 سورۃ الزخرف آیت نمبر 22۔

بَلْ قَالُوا إِنَّا وَجَدْنَا آبَاءَنَا عَلَىٰ أُمَّةٍ وَإِنَّا عَلَىٰ آثَارِهِمْ مُهْتَدُونَ. وَكَذَٰلِكَ مَا أَرْسَلْنَا مِنْ قَبْلِكَ فِي قَرْيَةٍ مِنْ نَذِيرٍ إِلَّا قَالَ مُتْرَفُوهَا إِنَّا وَجَدْنَا آبَاءَنَا عَلَىٰ أُمَّةٍ وَإِنَّا عَلَىٰ آثَارِهِمْ مُقْتَدُونَ. قَالَ أَوَلَوْ جِئْتُكُمْ بِأَهْدَىٰ مِمَّا وَجَدْتُمْ عَلَيْهِ آبَاءَكُمْ ۖ قَالُوا إِنَّا بِمَا أُرْسِلْتُمْ بِهِ كَافِرُونَ. فَانْتَقَمْنَا مِنْهُمْ ۖ فَانْظُرْ كَيْفَ كَانَ عَاقِبَةُ الْمُكَذِّبِينَ.

بلکہ کہنے لگے کہ ہم نے اپنے باپ دادا کو ایک رستے پر پایا ہے اور ہم انہی کے قدم بقدم چل رہے ہیں۔ اور اسی طرح ہم نے تم سے پہلے کسی بستی میں کوئی ہدایت کرنے والا نہیں بھیجا مگر وہاں کے خوشحال لوگوں نے کہا کہ ہم نے اپنے باپ دادا کو ایک راہ پر پایا اور ہم قدم بقدم ان ہی کے پیچھے چلتے ہیں۔ پیغمبر نے کہا اگرچہ میں تمہارے پاس ایسا (دین) لاؤں کہ جس رستے پر تم نے اپنے باپ دادا کو پایا وہ اس سے کہیں سیدھا رستہ دکھاتا ہے۔ کہنے لگے کہ جو (دین) تم دے کر بھیجے گئے ہو ہم اس کو نہیں مانتے۔ تو ہم نے ان سے انتقام لیا سو دیکھ لو کہ جھٹلانے والوں کا انجام کیسا ہوا۔

Nay! They say: "We found our fathers following a certain way and religion, and we guide ourselves by their footsteps". And similarly, We sent not a warner before you to any town (people) but the luxurious ones among them said: "We found our fathers following a certain way and religion, and we will indeed follow their footsteps". (The warner) said: "Even if I bring you better guidance than that which you found your fathers following?" They said: "Verily, We disbelieve in that with which you have been sent". So We took revenge of them, then see what was the end of those who denied (Islamic Monotheism).

## ہمارے دوست، یار، بیٹے، بیٹیاں قیامت کے دن ہمیں کوئی فائدہ پہنچا سکیں گے؟

القــرآن سورۃ نمبـر60 سورۃ الممتحنـہ آیـت نمبـر3۔

لَنْ تَنْفَعَكُمْ أَرْحَامُكُمْ وَلَا أَوْلَادُكُمْ ۚ يَوْمَ الْقِيَامَةِ يَفْصِلُ بَيْنَكُمْ ۚ وَاللَّهُ بِمَا تَعْمَلُونَ بَصِيرٌ

قیامت کے دن نہ تمہارے رشتے ناتے کام آئیں گے اور نہ اولاد۔ اس روز وہی تم میں فیصلہ کرے گا۔ اور جو کچھ تم کرتے ہو اللہ اس کو دیکھتا ہے۔

Neither your relatives nor your children will benefit you on the Day of Resurrection. He will judge between you. And Allah is the All-Seer of what you do.

## مال اور اولاد کی کثرت آخرت میں کوئی فائدہ پہنچائے گی؟

القــرآن سورۃ نمبـر34 سورۃ صبـاء آیـت نمبـر37۔

وَمَا أَمْوَالُكُمْ وَلَا أَوْلَادُكُمْ بِالَّتِي تُقَرِّبُكُمْ عِنْدَنَا زُلْفَىٰ إِلَّا مَنْ آمَنَ وَعَمِلَ صَالِحًا فَأُولَٰئِكَ لَهُمْ جَزَاءُ الضِّعْفِ بِمَا عَمِلُوا وَهُمْ فِي الْغُرُفَاتِ آمِنُونَ

اور تمہارا مال اور اولاد ایسی چیز نہیں کہ تم کو ہمارا مقرب بنا دیں۔ ہاں (ہمارا مقرب وہ ہے) جو ایمان لایا اور عمل نیک کرتا رہا۔ ایسے ہی لوگوں کو ان کے اعمال کے سبب دگنا بدلہ ملے گا اور وہ امن و امان سے بالاخانوں میں بیٹھے ہوں گے۔

And it is not your wealth, nor your children that bring you nearer to Us, but only he (will please Us) who believes (in all verses of the Quran), and does righteous deeds; as for such, there will be twofold reward for what they did, and they will reside in the high dwellings in peace and security.

## اپنے معاشرے، فرقے اور اپنے اہل و عیال سے جڑے رہنے کے لئے اللہ ﷻ کی آیات کو جھٹلایا/ نظر انداز کیا جا سکتا ہے؟

القـــرآن سورۃ نمبـــر 5 سورۃ المـــائدہ آیـــت نمبـــر 10۔

وَالَّذِينَ كَفَرُوا وَكَذَّبُوا بِآيَاتِنَا أُولَٰئِكَ أَصْحَابُ الْجَحِيمِ

اور جنہوں نے کفر کیا اور ہماری آیتوں کو جھٹلایا وہ جہنمی ہیں۔

They who disbelieve and deny our verses (Ayaat) are those who will be the dwellers of the Hell-fire.

## تبلیغ کے ذریعے اپنے اہل و عیال کو جہنم سے بچانا ہماری زمہداری؟

القـــرآن سورۃ نمبـــر 66 سورۃ التحـــریم آیـــت نمبـــر 6۔

يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا قُوا أَنفُسَكُمْ وَأَهْلِيكُمْ نَارًا وَقُودُهَا النَّاسُ وَالْحِجَارَةُ عَلَيْهَا مَلَائِكَةٌ غِلَاظٌ شِدَادٌ لَّا يَعْصُونَ اللَّهَ مَا أَمَرَهُمْ وَيَفْعَلُونَ مَا يُؤْمَرُونَ

مومنو! اپنے آپ کو اور اپنے اہل عیال کو آتش (جہنم) سے بچاؤ جس کا ایندھن انسان اور پتھر ہیں اور جس پر تند خو اور سخت مزاج فرشتے (مقرر) ہیں جو ارشاد اللہ ان کو فرماتا ہے اس کی نافرمانی نہیں کرتے اور جو حکم ان کو ملتا ہے اسے بجالاتے ہیں۔

O you who believe! Ward off from yourselves and your families a Fire (Hell) whose fuel is men and stones, over which are (appointed) angels stern (and) severe, who disobey not, (from executing) the Commands they receive from Allah, but do that which they are commanded.

## اپنے بیوی بچوں کے دنیوی فائدے کی خاطر اللہ ﷻ کے احکام کو نظر انداز کر دینا جائز؟

القرآن سورۃ نمبر 64 سورۃ التغابن آیت نمبر 14۔

يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا إِنَّ مِنْ أَزْوَاجِكُمْ وَأَوْلَادِكُمْ عَدُوًّا لَّكُمْ فَاحْذَرُوهُمْ ۚ۔۔۔

مومنو! تمہاری عورتیں اور اولاد میں سے بعض تمہارے دشمن (بھی) ہیں سو ان سے بچتے رہو (ان کی خاطر اپنی آخرت برباد نہ کرو)۔۔۔

O you who believe! Verily, among your wives and your children there are enemies for you (i.e. may stop you from the obedience of Allah), therefore beware of them ...!

## بُرے علماء، جاہل پیروں اور گمراہ لیڈروں کی پیروی کا نتیجہ؟

القرآن سورۃ نمبر 33 سورۃ الاحزاب آیت نمبر 66-67۔

يَوْمَ تُقَلَّبُ وُجُوهُهُمْ فِي النَّارِ يَقُولُونَ يَا لَيْتَنَا أَطَعْنَا اللَّهَ وَأَطَعْنَا الرَّسُولَا. وَقَالُوا رَبَّنَا إِنَّا أَطَعْنَا سَادَتَنَا وَكُبَرَاءَنَا فَأَضَلُّونَا السَّبِيلَا

جس دن ان کے منہ آگ میں الٹائے جائیں گے کہیں اے کاش ہم اللہ کی فرمانبرداری کرتے اور رسول (اللہ) کا حکم مانتے۔ اور کہیں گے کہ اے ہمارے پروردگار ہم نے اپنے سرداروں اور بڑے لوگوں کا کہا مانا تو انہوں نے ہم کو رستے سے گمراہ کر دیا۔

On the Day when their faces will be turned over in the Fire, they will say: "Oh, would that we had obeyed Allah and obeyed the Messenger". And they will say: "Our Lord! Verily, we obeyed our chiefs and our great ones, and they misled us from the (Right) Way.

## کیا عیسیٰؑ خدا ہیں؟ عسائی کو دعوت؟

القــــرآن سورۃ نمبــــر 4 سورۃ النساء آیــــت نمبــــر 171۔

يَا أَهْلَ الْكِتَابِ لَا تَغْلُوا فِي دِينِكُمْ وَلَا تَقُولُوا عَلَى اللَّهِ إِلَّا الْحَقَّ ۚ إِنَّمَا الْمَسِيحُ عِيسَى ابْنُ مَرْيَمَ رَسُولُ اللَّهِ وَكَلِمَتُهُ أَلْقَاهَا إِلَىٰ مَرْيَمَ وَرُوحٌ مِنْهُ ۖ فَآمِنُوا بِاللَّهِ وَرُسُلِهِ ۖ وَلَا تَقُولُوا ثَلَاثَةٌ ۚ انْتَهُوا خَيْرًا لَكُمْ ۚ إِنَّمَا اللَّهُ إِلَٰهٌ وَاحِدٌ ۖ سُبْحَانَهُ أَنْ يَكُونَ لَهُ وَلَدٌ ۘ لَهُ مَا فِي السَّمَاوَاتِ وَمَا فِي الْأَرْضِ ۗ وَكَفَىٰ بِاللَّهِ وَكِيلًا

اے اہل کتاب (یہودیو اور عیسائیو) اپنے دین (کی بات) میں حد سے نہ بڑھو اور اللہ کے بارے میں حق کے سوا کچھ نہ کہو۔ مسیح (یعنی) مریم کے بیٹے عیسیٰ (نہ خدا تھے نہ خدا کے بیٹے بلکہ) اللہ کے رسول اور اس کا کلمۂ ("کن" ہو جا، اور وہ تخلیق ہو گئے) تھے جو اس نے مریم کی طرف بھیجا تھا اور اس کی طرف سے ایک روح تھے۔ تو اللہ اور اس کے رسولوں پر ایمان لاؤ۔ اور (یہ) نہ کہو (کہ اللہ) تین (میں تیسرا ہے یعنی تثلیث۔ اس اعتقاد سے) باز آؤ کہ یہ تمہارے حق میں بہتر ہے۔ اللہ ہی معبود واحد ہے اور اس سے پاک ہے کہ اس کے اولاد ہو۔ جو کچھ آسمانوں میں اور جو کچھ زمین میں ہے سب اسی کا ہے۔ اور اللہ ہی کارساز کافی ہے۔

O people of the Scripture (Jews and Christians)! Do not exceed the limits in your religion, nor say of Allah aught but the truth. The Messiah Jesus, son of Mary, was (no more than) a Messenger of Allah and His Word, ("Be!" - and he became) which He bestowed on Mary and a spirit created by Him; so believe in Allah and His Messengers. Say not: "Trinity!" Cease! (it is) better for you. For Allah is (the only) One God, Glory be to Him (Far Exalted is He) above having a son. To Him belongs all that is in the heavens and all that is in the earth. And Allah is All-Sufficient as a Disposer of affairs.

## انبیاءکرامؑ اور اولیاء کرامؒ شفاعت کے ذریعے کس کو بخشوا سکتے ہیں؟
## قیامت کے دن کوئی شخص کسی دوسرے کی مدد کر سکے گا؟
## بخشش کے عوض کوئی معاوضہ قبول کیا جائے گا؟

القرآن سورۃ نمبر 19 سورۃ مریم آیت نمبر 93۔

إِنْ كُلُّ مَنْ فِي السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضِ إِلَّا آتِي الرَّحْمَٰنِ عَبْدًا

**تمام شخص جو آسمانوں اور زمین میں ہیں سب الرحمان کے روبرو غلام ہو کر آئیں گے۔**

There is none in the heavens and the earth but comes unto the Most Beneficent (Allah) as a slave (including prophets).

القرآن سورۃ نمبر 34 سورۃ صباء آیت نمبر 23۔

وَلَا تَنْفَعُ الشَّفَاعَةُ عِنْدَهُ إِلَّا لِمَنْ أَذِنَ لَهُ۔۔۔

**اور اللہ کے ہاں سفارش (شفاعت) فائدہ نہ دے گی مگر اس کے لئے جس کے بارے میں وہ اجازت بخشے۔۔۔**

Intercession with Him profits not, except for him whom He permits ...

القرآن سورۃ نمبر 2 سورۃ البقرۃ آیت نمبر 48۔

وَاتَّقُوا يَوْمًا لَا تَجْزِي نَفْسٌ عَنْ نَفْسٍ شَيْئًا وَلَا يُقْبَلُ مِنْهَا شَفَاعَةٌ وَلَا يُؤْخَذُ مِنْهَا عَدْلٌ وَلَا هُمْ يُنْصَرُونَ

اور اس دن سے ڈرو جب کوئی کسی کے کچھ کام نہ آئے اور نہ کسی کی سفارش منظور کی جائے اور نہ کسی سے کسی طرح کا بدلہ قبول کیا جائے اور نہ لوگ (کسی اور طرح) مدد حاصل کر سکیں۔

And fear a Day (of Judgement) when a person shall not avail another, nor will intercession be accepted from him nor will compensation be taken from him nor will they be helped.

القرآن سورۃ نمبر 10 سورۃ یونس آیت نمبر 3۔

إِنَّ رَبَّكُمُ اللَّهُ الَّذِي خَلَقَ السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضَ فِي سِتَّةِ أَيَّامٍ ثُمَّ اسْتَوَىٰ عَلَى الْعَرْشِ ۖ يُدَبِّرُ الْأَمْرَ ۖ مَا مِنْ شَفِيعٍ إِلَّا مِنْ بَعْدِ إِذْنِهِ ۚ ذَٰلِكُمُ اللَّهُ رَبُّكُمْ فَاعْبُدُوهُ ۚ أَفَلَا تَذَكَّرُونَ

تمہارا پروردگار تو اللہ ہی ہے جس نے آسمان اور زمین چھ دن میں بنائے پھر عرش (تخت شاہی) پر قائم ہوا وہی ہر ایک کا انتظام کرتا ہے۔ کوئی (اس کے پاس) اس کا اذن حاصل کیے بغیر کسی کی سفارش نہیں کر سکتا، یہی اللہ تمہارا پروردگار ہے تو اسی کی عبادت کرو۔ بھلا تم غور کیوں نہیں کرتے۔؟

Surely, your Lord is Allah Who created the heavens and the earth in six Days and then Istawa (rose over) the Throne, disposing the affair of all things. No intercessor (can plead with Him) except after His Leave. That is Allah, your Lord; so worship Him (Alone). Then, will you not remember?

## قرآن و سنت پر چلنے والوں کو نبیوں میں شامل کیا جائے گا؟

القرآن سورۃ نمبر 4 سورۃ النساء آیت نمبر 69۔

وَمَنْ يُطِعِ اللَّهَ وَالرَّسُولَ فَأُولَٰئِكَ مَعَ الَّذِينَ أَنْعَمَ اللَّهُ عَلَيْهِمْ مِنَ النَّبِيِّينَ وَالصِّدِّيقِينَ وَالشُّهَدَاءِ وَالصَّالِحِينَ ۚ وَحَسُنَ أُولَٰئِكَ رَفِيقًا

اور جو لوگ اللہ اور اس کے رسول کی اطاعت کرتے ہیں وہ (قیامت کے روز) ان لوگوں کے ساتھ ہوں گے جن پر اللہ نے بڑا فضل کیا یعنی انبیاء اور صدیق اور شہید اور نیک لوگ اور ان لوگوں کی رفاقت بہت ہی خوب ہے۔

And whoso obeys Allah and the Messenger (Muhammad SAW), then they will be in the company of those on whom Allah has bestowed His Grace, of the Prophets, the attesters, the martyrs, and the righteous. And how excellent these companions are!

## انبیاء کرامؑ اور اولیاء کرامؒ کو دعا میں پکارنا جائز؟

القرآن سورۃ نمبر 5 سورۃ المائدہ آیت نمبر 75۔

مَا الْمَسِيحُ ابْنُ مَرْيَمَ إِلَّا رَسُولٌ قَدْ خَلَتْ مِنْ قَبْلِهِ الرُّسُلُ وَأُمُّهُ صِدِّيقَةٌ ۖ كَانَا يَأْكُلَانِ الطَّعَامَ ۗ انْظُرْ كَيْفَ نُبَيِّنُ لَهُمُ الْآيَاتِ ثُمَّ انْظُرْ أَنَّىٰ يُؤْفَكُونَ

مسیح ابن مریم تو صرف پیغمبر تھے ان سے پہلے بھی بہت سے رسول گزر چکے اور ان کی والدہ سچی فرمانبردار اور وحی کی تصدیق کرنے والی تھیں۔ دونوں (انسان تھے اور) کھانا کھاتے تھے (جو کھانے کا محتاج ہو وہ اللہ نہیں ہو سکتا اور اسکی عبادت کرنا اور اسے دعا میں پکارنا قطعاً جائز نہیں) دیکھو ہم ان لوگوں کے لیے اپنی آیتیں کس طرح کھول کھول کر بیان کرتے ہیں پھر (یہ) دیکھو کہ یہ کدھر الٹے جارہے ہیں۔

The Messiah Jesus, son of Mary, was no more than a Messenger; many were the Messengers that passed away before him. His mother Mary was a truthful attester of the revelation. They both used to eat food (as any other human being, while Allah does not eat). Look how We make the verses clear to them, yet look how they are deluded away (from the truth).

## اللہ ﷻ اور رسول اللہ ﷺ کے دشمنوں سے تعلق بنانا/ دوستی رکھنا اگرچہ وہ قریبی رشتہ دار ہی کیوں نہ ہوں؟

القرآن سورۃ نمبر 48 سورۃ الفتح آیت نمبر 29۔

مُحَمَّدٌ رَسُولُ اللَّهِ ۚ وَالَّذِينَ مَعَهُ أَشِدَّاءُ عَلَى الْكُفَّارِ رُحَمَاءُ بَيْنَهُمْ ۖ۔۔۔

محمد ﷺ اللہ کے پیغمبر ہیں اور جو لوگ ان کے ساتھ ہیں وہ کافروں کے حق میں سخت ہیں اور آپس میں رحم دل۔۔۔

Muhammad (SAW) is the Messenger of Allah, and those who are with him are severe against disbelievers, and merciful among themselves...

القــرآن سورۃ نمبــر 58 سورۃ المجادلۃ آیــت نمبــر 22۔

لَا تَجِدُ قَوْمًا يُؤْمِنُونَ بِاللَّهِ وَالْيَوْمِ الْآخِرِ يُوَادُّونَ مَنْ حَادَّ اللَّهَ وَرَسُولَهُ وَلَوْ كَانُوا آبَاءَهُمْ أَوْ أَبْنَاءَهُمْ أَوْ إِخْوَانَهُمْ أَوْ عَشِيرَتَهُمْ ۚ أُولَٰئِكَ كَتَبَ فِي قُلُوبِهِمُ الْإِيمَانَ وَأَيَّدَهُمْ بِرُوحٍ مِنْهُ ۖ وَيُدْخِلُهُمْ جَنَّاتٍ تَجْرِي مِنْ تَحْتِهَا الْأَنْهَارُ خَالِدِينَ فِيهَا ۚ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُمْ وَرَضُوا عَنْهُ ۚ أُولَٰئِكَ حِزْبُ اللَّهِ ۚ أَلَا إِنَّ حِزْبَ اللَّهِ هُمُ الْمُفْلِحُونَ

**جو لوگ اللہ پر اور روز قیامت پر ایمان رکھتے ہیں تم ان کو اللہ اور اس کے رسول کے دشمنوں سے دوستی کرتے ہوئے نہ دیکھو گے۔ خواہ وہ ان کے باپ یا بیٹے یا بھائی یا خاندان ہی کے لوگ ہوں۔ یہ وہ لوگ ہیں جن کے دلوں میں اللہ نے ایمان تحریر کر دیا ہے اور فیض غیبی سے ان کی مدد کی ہے۔ اور وہ ان کو بہشتوں میں جن کے تلے نہریں بہہ رہی ہیں داخل کرے گا ہمیشہ ان میں رہیں گے۔ اللہ ان سے خوش اور وہ اللہ سے خوش۔ یہی گروہ اللہ کا لشکر ہے۔ (اور) سن رکھو کہ اللہ ہی کا لشکر مراد حاصل کرنے والا ہے۔**

You will not find any people who believe in Allah and the Last Day, making friendship with those who oppose Allah and His Messenger, even though they were their fathers, or their sons, or their brothers, or their kindred. For such He has written Faith in their hearts, and strengthened them with Ruh from Himself. And We will admit them to Gardens under which rivers flow, to dwell therein (forever). Allah is pleased with them, and they with Him. They are the Party of Allah. Verily, it is the Party of Allah that will be the successful.

## رسول اللہ ﷺ ہمارے وکیل / ذمہ دار؟

القـــرآن سورۃ نمبـــر 39 سورۃ الزمـــر آیـــت نمبـــر 41۔

إِنَّا أَنزَلْنَا عَلَيْكَ الْكِتَابَ لِلنَّاسِ بِالْحَقِّ ۖ فَمَنِ اهْتَدَىٰ فَلِنَفْسِهِ ۖ وَمَن ضَلَّ فَإِنَّمَا يَضِلُّ عَلَيْهَا ۖ وَمَا أَنتَ عَلَيْهِم بِوَكِيلٍ

ہم نے تم پر کتاب لوگوں (کی ہدایت) کے لئے سچائی کے ساتھ نازل کی ہے۔ تو جو شخص ہدایت پاتا ہے تو اپنے (بھلے کے) لئے اور جو گمراہ ہوتا ہے گمراہی سے تو اپنا ہی نقصان کرتا ہے۔ اور (اے پیغمبر) تم ان کے ذمہ دار نہیں ہو۔

Verily, We have sent down to you (O Muhammad SAW) the Book (this Quran) for mankind in truth. So whosoever accepts the guidance, it is only for his ownself, and whosoever goes astray, he goes astray only for his (own) loss. And you (O Muhammad SAW) are not a manager over them.

## رسول اللہ ﷺ وحی کے احکامات / قرآن کو تبدیل کرنے پر قادر؟

القرآن سورۃ نمبر 10 سورۃ یونس آیت نمبر 15۔

وَإِذَا تُتْلَىٰ عَلَيْهِمْ آيَاتُنَا بَيِّنَاتٍ ۙ قَالَ الَّذِينَ لَا يَرْجُونَ لِقَاءَنَا ائْتِ بِقُرْآنٍ غَيْرِ هَٰذَا أَوْ بَدِّلْهُ ۚ قُلْ مَا يَكُونُ لِي أَنْ أُبَدِّلَهُ مِنْ تِلْقَاءِ نَفْسِي ۖ إِنْ أَتَّبِعُ إِلَّا مَا يُوحَىٰ إِلَيَّ ۖ إِنِّي أَخَافُ إِنْ عَصَيْتُ رَبِّي عَذَابَ يَوْمٍ عَظِيمٍ

اور جب ان کو ہماری آیتیں پڑھ کر سنائی جاتی ہیں تو جن لوگوں کو ہم سے ملنے کی امید نہیں وہ کہتے ہیں کہ (یا تو) اس کے سوا کوئی اور قرآن (بنا) لاؤ یا اس کو بدل دو۔ کہہ دو کہ مجھ کو اختیار نہیں ہے کہ اسے اپنی طرف سے بدل دوں۔ میں تو اسی حکم کا تابع ہوں جو میری طرف آتا ہے۔ اگر میں اپنے پروردگار کی نافرمانی کروں تو مجھے بڑے (سخت) دن کے عذاب سے خوف آتا ہے۔

And when Our Clear Verses are recited unto them, those who hope not for their meeting with Us, say: Bring us a Quran other than this, or change it. "Say (O Muhammad SAW): "It is not for me to change it on my own accord; I only follow that which is revealed unto me. Verily, I fear if I were to disobey my Lord, the torment of the Great Day.

## نبی اور رسول اللہ ﷺ لوگوں کو اپنی بندگی / خدمت کی طرف دعوت دے سکتا ہے؟

القرآن سورۃ نمبر 3 سورۃ آل عمران آیت نمبر 79۔

مَا كَانَ لِبَشَرٍ أَنْ يُؤْتِيَهُ اللَّهُ الْكِتَابَ وَالْحُكْمَ وَالنُّبُوَّةَ ثُمَّ يَقُولَ لِلنَّاسِ كُونُوا عِبَادًا لِي مِنْ دُونِ اللهِ وَلَٰكِنْ كُونُوا رَبَّانِيِّينَ بِمَا كُنْتُمْ تُعَلِّمُونَ الْكِتَابَ وَبِمَا كُنْتُمْ تَدْرُسُونَ

کسی آدمی کو شایاں نہیں کہ اللہ تو اسے کتاب اور حکومت اور نبوت عطا فرمائے اور وہ لوگوں سے کہے کہ اللہ کو چھوڑ کر میرے غلام ہو جاؤ بلکہ (اس کو یہ کہنا چاہیئے کہ تم علمائے) ربانی ہو جاؤ کیونکہ تم کتابِ (خدا) پڑھتے پڑھاتے رہتے ہو۔

It is not (possible) for any human being to whom Allah has given the Book and Al-Hukma (the knowledge and understanding of the laws of religion, etc.) and Prophethood to say to the people: "Be my worshippers rather than Allah's." On the contrary (he would say): "Be you Rabbaniyun (learned men of religion who practice what they know and also preach others), because you are teaching the Book, and you are studying it".

## کیا رسول اللہ ﷺ کے پاس اللہ سبحانہ وتعالیٰ کے خزانے ہیں؟
## کیا رسول اللہ ﷺ علم غیب جانتے ہیں؟

القـــرآن سورۃ نمبـــر 11 سورۃ ھود آیـــت نمبـــر 31۔

وَلَا أَقُولُ لَكُمْ عِندِي خَزَائِنُ اللَّهِ وَلَا أَعْلَمُ الْغَيْبَ وَلَا أَقُولُ إِنِّي مَلَكٌ وَلَا أَقُولُ لِلَّذِينَ تَزْدَرِي أَعْيُنُكُمْ لَن يُؤْتِيَهُمُ اللَّهُ خَيْرًا ۖ اللَّهُ أَعْلَمُ بِمَا فِي أَنفُسِهِمْ ۖ إِنِّي إِذًا لَّمِنَ الظَّالِمِينَ

میں نہ تم سے یہ کہتا ہوں کہ میرے پاس اللہ کے خزانے ہیں اور نہ یہ کہ میں غیب جانتا ہوں اور نہ یہ کہتا ہوں کہ میں فرشتہ ہوں اور نہ ان لوگوں کی نسبت جن کو تم حقارت کی نظر سے دیکھتے ہو یہ کہتا ہوں کہ اللہ ان کو بھلائی (یعنی اعمال کی جزائے نیک) نہیں دے گا جو ان کے دلوں میں ہے اسے اللہ خوب جانتا ہے۔ اگر میں ایسا کہوں تو بے انصافوں میں ہوں۔

"And I do not say to you that with me are the Treasures of Allah, "Nor that I know the unseen; "nor do I say I am an angel, and I do not say of those whom your eyes look down upon that Allah will not bestow any good on them. Allah knows what is in their inner-selves (as regards belief, etc.). In that case, I should, indeed be one of the oppressors".

## رسول اللہ ﷺ اور دوسرے نیک لوگوں کی محبت کا اللہ سبحانہ وتعالیٰ کی محبت سے بڑھ جانا شرک؟

القرآن سورۃ نمبر 2 سورۃ البقرۃ آیت نمبر 165۔

وَمِنَ النَّاسِ مَنْ يَتَّخِذُ مِنْ دُونِ اللَّهِ أَنْدَادًا يُحِبُّونَهُمْ كَحُبِّ اللَّهِ ۖ وَالَّذِينَ آمَنُوا أَشَدُّ حُبًّا لِلَّهِ ۗ وَلَوْ يَرَى الَّذِينَ ظَلَمُوا إِذْ يَرَوْنَ الْعَذَابَ أَنَّ الْقُوَّةَ لِلَّهِ جَمِيعًا وَأَنَّ اللَّهَ شَدِيدُ الْعَذَابِ.

اور بعض لوگ ایسے ہیں جو غیر اللہ کو شریکِ (خدا) بناتے اور ان سے اللہ کی سی محبت کرتے ہیں۔ لیکن جو ایمان والے ہیں وہ تو اللہ ہی کے سب سے زیادہ دوستدار ہیں۔ اور اے کاش ظالم لوگ جو بات عذاب کے وقت دیکھیں گے اب دیکھ لیتے کہ سب طرح کی طاقت اللہ ہی کو ہے۔ اور یہ کہ اللہ سخت عذاب کرنے والا ہے۔

And of mankind are some who take (for worship) others besides Allah as rivals (to Allah). They love them as they love Allah. But those who believe, love Allah more (than anything else). If only, those who do wrong could see, when they will see the torment, that all power belongs to Allah and that Allah is Severe in punishment.

# رسول اللہ ﷺ / اولیاء کرامؒ ہمارے اسلام / ہدایت/ بخشش کے ذمہدار؟

القرآن سورۃ نمبر 6 سورۃ الانعام آیت نمبر 104۔

قَدْ جَاءَكُمْ بَصَائِرُ مِنْ رَبِّكُمْ ۖ فَمَنْ أَبْصَرَ فَلِنَفْسِهِ ۖ وَمَنْ عَمِيَ فَعَلَيْهَا ۚ وَمَا أَنَا عَلَيْكُمْ بِحَفِيظٍ

(اے محمد ﷺ! ان سے کہہ دو کہ) تمہارے (پاس) پروردگار کی طرف سے (روشن) دلیلیں پہنچ چکی ہیں تو جس نے (ان کو آنکھ کھول کر) دیکھا اس نے اپنا بھلا کیا اور جو اندھا بنا رہا اس نے اپنے حق میں برا کیا۔ اور میں تمہارا نگہبان نہیں ہوں۔

Verily, proofs have come to you from your Lord, so whosoever sees, will do so for (the good of) his ownself, and whosoever blinds himself, will do so to his own harm, and I (Muhammad SAW) am not a watcher over you.

القرآن سورۃ نمبر 4 سورۃ النساء آیت نمبر 80۔

مَنْ يُطِعِ الرَّسُولَ فَقَدْ أَطَاعَ اللَّهَ ۖ وَمَنْ تَوَلَّىٰ فَمَا أَرْسَلْنَاكَ عَلَيْهِمْ حَفِيظًا

جو شخص رسول کی فرمانبرداری کرے گا تو بے شک اس نے اللہ کی فرمانبرداری کی اور جو نافرمانی کرے گا تو اے پیغمبر تمہیں ہم نے ان کا نگہبان بنا کر نہیں بھیجا۔

He who obeys the Messenger (Muhammad SAW), has indeed obeyed Allah, but he who turns away, then we have not sent you (O Muhammad SAW) as a watcher over them.

## اولیاء / انبیاء کرام وفات کے بعد دنیاوی حالات سے باخبر؟ حاظر و ناظر؟

القرآن سورۃ نمبر 5 سورۃ المائدہ آیت نمبر 117۔

۔۔۔ وَكُنْتُ عَلَيْهِمْ شَهِيدًا مَا دُمْتُ فِيهِمْ ۖ فَلَمَّا تَوَفَّيْتَنِي كُنْتَ أَنْتَ الرَّقِيبَ عَلَيْهِمْ ۚ وَأَنْتَ عَلَىٰ كُلِّ شَيْءٍ شَهِيدٌ

۔۔۔اور جب تک میں ان میں رہا ان (کے حالات) کی خبر رکھتا رہا جب تو نے مجھے دنیا سے اٹھالیا تو تو ان کا نگران تھا (میں نہیں جانتا کہ میرے بعد انہوں نے کیا کیا) اور تو ہر چیز سے باخبر ہے۔

...And I was a witness over them while I dwelt amongst them, but when You took me up, You were the Watcher over them, and You are a Witness to all things. (This is a great warning to the Christians praying to Jesus & "Muslims" who follow their path with regards to Mohammed (s)).

## کیا ہم اولیاء/ انبیاء کے رتبوں / درجات کا علم رکھتے ہیں؟

القــرآن، سورۃ نمبـر 46 سورۃ الاحقـاف، آیـت نمبـر 9۔

قُلْ مَا كُنتُ بِدْعًا مِّنَ الرُّسُلِ وَمَا أَدْرِي مَا يُفْعَلُ بِي وَلَا بِكُمْ ۖ إِنْ أَتَّبِعُ إِلَّا مَا يُوحَىٰ إِلَيَّ وَمَا أَنَا إِلَّا نَذِيرٌ مُّبِينٌ

کہہ دو کہ میں کوئی نیا پیغمبر نہیں آیا۔ اور میں نہیں جانتا کہ میرے ساتھ کیا سلوک کیا جائے گا اور تمہارے ساتھ کیا (کیا جائے گا) میں تو اسی کی پیروی کرتا ہوں جو مجھ پر وحی آتی ہے اور میرا کام تو علانیہ خبردار کرنا ہے۔

Say (O Muhammad SAW):"I am not a new thing among the Messengers (of Allah) (i.e. I am not the first Messenger) nor do I know what will be done with me or with you. I only follow that which is revealed to me, and I am but a plain warner."

## رسول اللہ ﷺ ہمارے نفع و نقصان کے مالک؟

القــرآن سورۃ نمبــر 7 سورۃ الاعــــراف ـــ آیـــت نمبــر 188۔

قُلْ لَا أَمْلِكُ لِنَفْسِي نَفْعًا وَلَا ضَرًّا إِلَّا مَا شَاءَ اللَّهُ ۚ وَلَوْ كُنْتُ أَعْلَمُ الْغَيْبَ لَاسْتَكْثَرْتُ مِنَ الْخَيْرِ وَمَا مَسَّنِيَ السُّوءُ ۚ إِنْ أَنَا إِلَّا نَذِيرٌ وَبَشِيرٌ لِقَوْمٍ يُؤْمِنُونَ

**کہہ دو کہ میں اپنے فائدے اور نقصان کا کچھ بھی اختیار نہیں رکھتا مگر جو اللہ چاہے اور اگر میں غیب کی باتیں جانتا ہوتا تو بہت سے فائدے جمع کر لیتا اور مجھ کو کوئی تکلیف نہ پہنچتی۔ میں تو مومنوں کو ڈر اور خوشخبری سنانے والا ہوں۔**

Say (O Muhammad SAW): "I possess no power of benefit or hurt to myself except as Allah wills. If I had the knowledge of the unseen, I should have secured for myself an abundance of wealth, and no evil should have touched me. I am but a warner, and a bringer of glad tidings unto people who believe".

## رسول اللہ ﷺ اپنے تمام ماننے والوں کو جنت میں داخل کروائیں گے؟

القرآن سورۃ نمبر 88 سورۃ الغاشیۃ آیت نمبر 21-26۔

فَذَكِّرْ إِنَّمَا أَنْتَ مُذَكِّرٌ. لَسْتَ عَلَيْهِمْ بِمُصَيْطِرٍ. إِلَّا مَنْ تَوَلَّىٰ وَكَفَرَ. فَيُعَذِّبُهُ اللَّهُ الْعَذَابَ الْأَكْبَرَ. إِنَّ إِلَيْنَا إِيَابَهُمْ. ثُمَّ إِنَّ عَلَيْنَا حِسَابَهُمْ.

تو تم نصیحت کرتے رہو کہ تم نصیحت کرنے والے ہی ہو۔ تم ان پر نگہبان نہیں ہو۔ ہاں جس نے منہ پھیرا اور نہ مانا۔ تو اللہ اس کو بڑا عذاب دے گا۔ بے شک ان کو ہمارے پاس لوٹ کر آنا ہے۔ پھر ہم ہی کو ان سے حساب لینا ہے۔

So remind them (O Muhammad (Peace be upon him)), you are only a one who reminds. You are not a dictator over them. Save the one who turns away and disbelievers. Then Allah will punish him with the greatest punishment. Verily, to Us will be their return; Then verily, for Us will be their reckoning.

## رسول اللہ ﷺ حیات / ممات؟

القـــرآن سورۃ نمبـــر 39 سورۃ الزمـــر آیـــت نمبـــر 30۔

إِنَّكَ مَيِّتٌ وَإِنَّهُم مَّيِّتُونَ

(اے پیغمبر) تم بھی مر جاؤ گے اور یہ بھی مر جائیں گے۔

Verily, you (O Muhammad SAW) will die and verily, they (too) will die.

## رسول اللہ ﷺ نور / بشر؟

القـــرآن سورۃ نمبـــر 18 سورۃ الکھف آیـــت نمبـــر 110۔

قُلْ إِنَّمَا أَنَا بَشَرٌ مِّثْلُكُمْ يُوحَىٰ إِلَيَّ أَنَّمَا إِلَٰهُكُمْ إِلَٰهٌ وَاحِدٌ ۖ فَمَن كَانَ يَرْجُو لِقَاءَ رَبِّهِ فَلْيَعْمَلْ عَمَلًا صَالِحًا وَلَا يُشْرِكْ بِعِبَادَةِ رَبِّهِ أَحَدًا

کہہ دو کہ میں تمہاری طرح کا ایک بشر ہوں۔ (البتہ) میری طرف وحی آتی ہے کہ تمہارا معبود (وہی) ایک معبود ہے۔ تو جو شخص اپنے پروردگار سے ملنے کی امید رکھتا ہو تو اسے چاہیئے کہ عمل نیک کرے اور اپنے پروردگار کی عبادت میں کسی کو شریک نہ بنائے۔

Say (O Muhammad SAW): "I am only a man like you. It has been inspired to me that your Ilah (God) is One Ilah (God i.e. Allah). So whoever hopes for the Meeting with his Lord, let him work righteousness and associate none as a partner in the worship of his Lord".

## کیا انبیاء کرامؑ خطاء کر سکتے ہیں؟
## کیا اللہ سبحانہ وتعالیٰ نبی کو سزا دینے پر قادر؟

القــــرآن سورۃ نمبــــر 17 سورۃ بنی اســــرائیل آیــــت نمبــــر 75-73۔

وَإِنْ كَادُوا لَيَفْتِنُونَكَ عَنِ الَّذِي أَوْحَيْنَا إِلَيْكَ لِتَفْتَرِيَ عَلَيْنَا غَيْرَهُ ۖ وَإِذًا لَاتَّخَذُوكَ خَلِيلًا. وَلَوْلَا أَنْ ثَبَّتْنَاكَ لَقَدْ كِدْتَ تَرْكَنُ إِلَيْهِمْ شَيْئًا قَلِيلًا. إِذًا لَأَذَقْنَاكَ ضِعْفَ الْحَيَاةِ وَضِعْفَ الْمَمَاتِ ثُمَّ لَا تَجِدُ لَكَ عَلَيْنَا نَصِيرًا

اور اے پیغمبر جو وحی ہم نے تمہاری طرف بھیجی ہے قریب تھا کہ یہ (کافر) لوگ تم کو اس سے بہلا کے ہٹا دیتے تاکہ تم اس کے سوا اور باتیں ہماری نسبت منسوب کرلو۔ اور اس وقت وہ تم کو دوست بنالیتے۔ اور اگر ہم تم کو ثابت قدم نہ رہنے دیتے تو تم کسی قدر ان کی طرف مائل ہونے ہی لگے تھے۔ اس صورت ہم تم کو زندگی میں (عذاب کا) دوگنا اور مرنے پر بھی دوگنا مزا چکھاتے پھر تم ہمارے مقابلے میں کسی کو اپنا مددگار نہ پاتے۔

Verily, they were about to tempt you away from that which We have revealed (the Quran) unto you (O Muhammad SAW), to fabricate something other than it against Us, and then they would certainly have taken you a friend! And had We not made you stand firm, you would nearly have inclined to them a little. In that case, We would have made you taste a double portion (of punishment) in this life and a double portion (of punishment) after death. And then you would have found none to help you against Us.

## رسول اللہ ﷺ اللہ سبحانہ وتعالیٰ سے مدد حاصل کیے بغیر معجزہ دکھانے پر قادر؟

القرآن سورۃ نمبر 6 سورۃ الانعام آیت نمبر 35۔

وَإِنْ كَانَ كَبُرَ عَلَيْكَ إِعْرَاضُهُمْ فَإِنِ اسْتَطَعْتَ أَنْ تَبْتَغِيَ نَفَقًا فِي الْأَرْضِ أَوْ سُلَّمًا فِي السَّمَاءِ فَتَأْتِيَهُمْ بِآيَةٍ ۚ وَلَوْ شَاءَ اللَّهُ لَجَمَعَهُمْ عَلَى الْهُدَىٰ ۚ فَلَا تَكُونَنَّ مِنَ الْجَاهِلِينَ

اور اگر ان کی روگردانی تم پر شاق گزرتی ہے تو اگر طاقت ہو تو زمین میں کوئی سرنگ ڈھونڈ نکالو یا آسمان میں سیڑھی (تلاش کرو) پھر ان کے پاس (اپنی طرف سے) کوئی معجزہ لے آؤ (اور تم ہرگز نہ لا سکو گے)۔ اگر اللہ چاہتا تو سب کو ہدایت پر جمع کر دیتا پس تم ہرگز جاہلوں میں سے نہ ہو۔

If their aversion (from you, O Muhammad SAW and from that with which you have been sent) is hard on you, (and you cannot be patient from their harm to you), then if you were able to seek a tunnel in the ground or a ladder to the sky, so that you may bring them a miracle (and you cannot do it, so be patient). And had Allah willed, He could have gathered them together (all) unto true guidance, so be not you one of those who are ignorant.

## رسول اللہ ﷺ جسے چاہیں ہدایت دینے پر قادر؟

القرآن سورۃ نمبر 28 سورۃ القصص آیت نمبر 56۔

إِنَّكَ لَا تَهْدِي مَنْ أَحْبَبْتَ وَلَٰكِنَّ اللَّهَ يَهْدِي مَنْ يَشَاءُ ۚ وَهُوَ أَعْلَمُ بِالْمُهْتَدِينَ

**(اے محمد ﷺ) تم جسے چاہتے ہو اُسے ہدایت نہیں کر سکتے بلکہ اللہ ہی جس کو چاہتا ہے ہدایت کرتا ہے اور وہ ہدایت پانے والوں کو خوب جانتا ہے۔**

Verily! You (O Muhammad SAW) guide not whom you like, but Allah guides whom He wills. And He knows best those who are the guided.

## دُنیا، مال و دولت اور اقرباء کی محبت کا اللہ ﷻ اور اس کے راستے میں جہاد کی محبت سے زیادہ ہو جانا خطرناک؟

القــرآن سورۃ نمبــر 9 سورۃ التوبــہ آیــت نمبــر 24۔

قُلْ إِنْ كَانَ آبَاؤُكُمْ وَأَبْنَاؤُكُمْ وَإِخْوَانُكُمْ وَأَزْوَاجُكُمْ وَعَشِيرَتُكُمْ وَأَمْوَالٌ اقْتَرَفْتُمُوهَا وَتِجَارَةٌ تَخْشَوْنَ كَسَادَهَا وَمَسَاكِنُ تَرْضَوْنَهَا أَحَبَّ إِلَيْكُمْ مِنَ اللَّهِ وَرَسُولِهِ وَجِهَادٍ فِي سَبِيلِهِ فَتَرَبَّصُوا حَتَّىٰ يَأْتِيَ اللَّهُ بِأَمْرِهِ ۗ وَاللَّهُ لَا يَهْدِي الْقَوْمَ الْفَاسِقِينَ

کہہ دو کہ اگر تمہارے باپ اور بیٹے اور بھائی اور عورتیں اور خاندان کے آدمی اور مال جو تم کماتے ہو اور تجارت جس کے بند ہونے سے ڈرتے ہو اور مکانات جن کو پسند کرتے ہو اللہ اور اس کے رسول سے اور اللہ کی راہ میں جہاد کرنے سے تمہیں زیادہ عزیز ہوں تو ٹھہرے رہو یہاں تک کہ اللہ اپنا حکم (یعنی عذاب) بھیجے۔ اور اللہ نافرمان لوگوں کو ہدایت نہیں دیا کرتا۔

Say: If your fathers, your sons, your brothers, your wives, your kindred, the wealth that you have gained, the commerce in which you fear a decline, and the dwellings in which you delight are dearer to you than Allah and His Messenger, and striving hard and fighting in His Cause, then wait until Allah brings about His Decision (torment). And Allah guides not the people who are sinners.

## ہمارے نفع و نقصان کا کُل اختیار کس کے پاس ہے؟

القرآن سورۃ نمبر 10 سورۃ یونس آیت نمبر 107۔

وَإِنْ يَمْسَسْكَ اللَّهُ بِضُرٍّ فَلَا كَاشِفَ لَهُ إِلَّا هُوَ ۖ وَإِنْ يُرِدْكَ بِخَيْرٍ فَلَا رَادَّ لِفَضْلِهِ ۚ يُصِيبُ بِهِ مَنْ يَشَاءُ مِنْ عِبَادِهِ ۚ وَهُوَ الْغَفُورُ الرَّحِيمُ

اور اگر اللہ تم کو کوئی تکلیف پہنچائے تو اس کے سوا اس کا کوئی دور کرنے والا نہیں اور اگر تم سے بھلائی کرنی چاہے تو اس کے فضل کو کوئی روکنے والا نہیں۔ وہ اپنے غلاموں میں سے جسے چاہتا ہے فائدہ پہنچاتا ہے اور وہ بخشنے والا مہربان ہے۔

And if Allah touches you with hurt, there is none who can remove it but He; and if He intends any good for you, there is none who can repel His Favour which He causes it to reach whomsoever of His slaves He will. And He is the Oft-Forgiving, Most Merciful.

القرآن سورۃ نمبر 13 سورۃ الرعد آیت نمبر 16۔

قُلْ مَنْ رَبُّ السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضِ قُلِ اللَّهُ ۚ قُلْ أَفَاتَّخَذْتُمْ مِنْ دُونِهِ أَوْلِيَاءَ لَا يَمْلِكُونَ لِأَنْفُسِهِمْ نَفْعًا وَلَا ضَرًّا ۚ قُلْ هَلْ يَسْتَوِي الْأَعْمَىٰ وَالْبَصِيرُ أَمْ هَلْ تَسْتَوِي الظُّلُمَاتُ وَالنُّورُ ۗ أَمْ جَعَلُوا لِلَّهِ شُرَكَاءَ خَلَقُوا كَخَلْقِهِ فَتَشَابَهَ الْخَلْقُ عَلَيْهِمْ ۚ قُلِ اللَّهُ خَالِقُ كُلِّ شَيْءٍ وَهُوَ الْوَاحِدُ الْقَهَّارُ

ان سے پوچھو کہ آسمانوں اور زمین کا پروردگار کون ہے؟ (تم ہی ان کی طرف سے) کہہ دو کہ اللہ۔ پھر (ان سے) کہو کہ تم نے اللہ کو چھوڑ کر ایسے لوگوں کو کیوں کارساز بنایا ہے جو خود اپنے نفع ونقصان کا بھی اختیار نہیں رکھتے (یہ بھی) پوچھو کیا اندھا اور آنکھوں والا برابر ہیں؟ یا اندھیرا اور اُجالا برابر ہو سکتا ہے؟ (کبھی نہیں) بھلا ان لوگوں نے جن کو اللہ کا شریک مقرر کیا ہے، کیا انہوں نے اللہ کی سی مخلوقات پیدا کی ہے جس کے سبب ان کو مخلوقات مشتبہ ہو گئی ہے۔ کہہ دو کہ اللہ ہی ہر چیز کا پیدا کرنے والا ہے اور وہ یکتا (اور) زبردست ہے۔

Say: "Who is the Lord of the heavens and the earth?" Say: "(It is) Allah." Say: "Have you then taken (for worship) Auliya' (protectors, etc.) other than Him, such as have no power either for benefit or for harm to themselves?" Say: "Is the blind equal to the one who sees? Or darkness equal to light? Or do they assign to Allah partners who created the like of His creation, so that the creation (which they made and His creation) seemed alike to them." Say: "Allah is the Creator of all things, He is the One, the Irresistible".

## اللہ ﷻ کی آیات کو نظر انداز کرنے کا انجام؟

القرآن سورۃ نمبر 17 سورۃ بنی اسرائیل آیت نمبر 72۔

وَمَنْ كَانَ فِي هَٰذِهِ أَعْمَىٰ فَهُوَ فِي الْآخِرَةِ أَعْمَىٰ وَأَضَلُّ سَبِيلًا

**اور جو شخص اس (دنیا) میں (اللہ کی آیات سے) اندھا بنا رہا وہ آخرت میں بھی اندھا ہو گا۔ اور (نجات کے) رستے سے بہت دور۔**

And whoever is blind in this world (i.e., does not see Allah's Signs and believes not in Him), will be blind in the Hereafter, and more astray from the Path.

## غلط اور بیمار عقائد کا علاج کیسے ممکن ہے؟

القرآن سورۃ نمبر 10 سورۃ یونس آیت نمبر 57۔

يَا أَيُّهَا النَّاسُ قَدْ جَاءَتْكُمْ مَوْعِظَةٌ مِنْ رَبِّكُمْ وَشِفَاءٌ لِمَا فِي الصُّدُورِ وَهُدًى وَرَحْمَةٌ لِلْمُؤْمِنِينَ

**لوگو تمہارے پروردگار کی طرف سے نصیحت (یعنی قرآن) اور دلوں کی بیماریوں کی شفا۔ اور (اس قرآن کے ذریعے) مومنوں کے لیے ہدایت اور رحمت آپہنچی ہے۔**

O mankind! There has come to you a good advice from your Lord (The Quran), and a healing for that (disease of ignorance, doubt, hypocrisy and differences, etc.) in your breasts, - a guidance and a mercy (explaining lawful and unlawful things, etc.) for the believers.